## ایم کیوایم دہشت گردوں کے خلاف کارروائی اور پاکستان کو بچانے کیلئے حکومت اور مسلح افواج کے ساتھ غیر مشروط تعاون کرے گی۔الطاف حسین کا اعلان

### حکومت اور مسلح افواج کو ایم کیوایم کی جانب سے جس قسم کا بھی تعاون چاہیے،ایم کیوایم اس کیلئے پوری طرح تیار ہے

### ملک کو بچانے اور دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے پوری قوم سیسہ پلائی دیوار کی طرح متحد ہوجائے حکومت اور مسلح افواج کا ساتھ دے

### ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پارٹی کے ایک اعلیٰ سطحی ہنگامی اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔7 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی اور پاکستان کو بچانے کیلئے حکومت پاکستان اور مسلح افواج کے ساتھ ایم کیوایم کی جانب سے غیر مشروط تعاون کا اعلان کیا ہے۔وہ جمعرات کی شام ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پارٹی کے ایک اعلیٰ سطحی ہنگامی اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔جناب الطاف حسین نے قوم سے وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی کے خطاب کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کا خطاب جراتمندانہ تھااوراس پر میں انہیں سلام تحسین پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور انکے توسط سے حکومت اور مسلح افواج کوایم کیوایم کی جانب سے غیر مشروط تعاون پیش کرتا ہوں اور حکومت، مسلح افواج کے سربراہان کو یقین دلاتا ہوں کہ ایم کیوایم پاکستانی فوج کے ہراقدام پر نہ صرف بھرپور تعاون کرے گی بلکہ ان کی کامیابی اورترقی کی دعائیں بھی کرے گی۔حکومت اور مسلح افواج کوایم کیوایم کی جانب سے جس قسم کا بھی تعاون چاہیے،ایم کیوایم اس کیلئے پوری طرح تیار ہے،ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اوراس کے تمام ونگز اورشعبہ جات کے ذمہ داران اورایک ایک کارکن دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے حکومت کے ساتھ ہے۔جناب الطاف حسین نے تمام سیاسی ومذہبی رہنماؤں اور جماعتوں سے اپیل کی کہ وہ اس نازک وقت میں تمام ترسیاسی اختلافات کوبالائے طاق رکھ کر ملک کو بچانے کیلئے اور ملک کودہشت گردوں سے نجات دلانے کیلئے حکومت اور مسلح افواج کے ساتھ بڑھ چڑھ کرتعاون کرنا چاہیے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ ملک کے نوجوان،بزرگ،مائیں بہنیں اور بیٹیاں دہشت گردی کے خاتمہ اور ملک کو بچانے کیلئے حکومت اور مسلح افواج کی کامیابی کیلئے دعائیں کریں گی اورنوجوان،طلبہ وطالبات اپنے اپنے تعلیمی اداروں اورعلاقوں میں اتحادویقینی اورحکومت اور مسلح افواج کا ساتھ دینے کی غرض سےعوام کا ذہن تیار کریں گے۔انہوں نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والے فوج،ایف سی،پیراملٹری فورسز اور پولیس کے افسران واہلکاروں کوسلام تحسین اورسیلوٹ پیش کیا۔انہوں نے اپیل کی کہ ملک کو بچانے اوردہشت گردی کے خاتمہ کیلئے پوری قوم سیسہ پلائی دیوار کی طرح متحد ہوجائے،میدان میں آئے،حکومت اور مسلح افواج کا ساتھ دے کیونکہ پاکستان ہے توسب کچھ ہے،پاکستان نہیں تو کچھ نہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی وناصر ہو۔انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ہونے والے اجلاس میں گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز اوروفاقی وزیرڈاکٹر فاروق ستار،وفاقی وزیرپورٹس اینڈ شپنگ بابرغوری،سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال،رابطہ کمیٹی کے ارکان محمدانور،سید طارق میر،سلیم شہزاد،انیس احمد قائم خانی،آصف صدیقی،انیس احمدایڈوکیٹ،رضاہارون،مصطفےٰ عزیزآبادی،قاسم علی رضا،افتخاراکبررندھاوااورانٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان شریک تھے۔

### ایم کیوایم کے پرعزم کارکنوں نے اپنے عزم وحوصلے،ثابت قدمی اور مستقل مزاجی کے ذریعے پنجاب میں ایم کیوایم کے خلاف کھڑی ہوئی فصیلوں کوگرادیا ہے۔الطاف حسین

### لاہور،فیصل آباد،رحیم یارخان،لودھراں اورمظفرگڑھ کے تمام ضلعی عہدیداروں اورکارکنوں سے فون پرگفتگو

لندن۔۔۔7 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے انتہائی مختصرنوٹس پر پنجاب میں خواتین کے شاندار اجتماعات منعقد کرنے پر ایم کیوایم لاہور،فیصل آباد،رحیم یارخان،لودھراں اورمظفرگڑھ کے تمام ضلعی عہدیداروں اورکارکنوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے گزشتہ روزخواتین کے اجتماعات کے بعدان تمام اضلاع میں فون کرکے تمام عہدیداروں،خواتین ذمہ داروں اورکارکنوں سے فرداًفرداً گفتگوکی اورانہیں شاباش پیش کی۔ اس موقع پرگفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے پرعزم کارکنوں نے اپنے عزم وحوصلے،ثابت قدمی اور مستقل مزاجی کے ذریعے پنجاب میں ایم کیوایم کے خلاف کھڑی ہوئی فصیلوں کوگرادیا ہے جس پرانہیں جتنا بھی خراج

تحسین پیش کیا جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام پاکستان کو بچانے اور اسے خطرات سے نکالنے کا پیغام ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ پنجاب کے باشعور عوام ملک کو بچانے کیلئے آگے آکر اپنا اپنا کردار ادا کریں۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے تمام ضلعی عہدیداروں اور کارکنوں پر زور دیا کہ پنجاب کے ایک ایک قصبہ اور گاؤں میں جاکر تحریک کا پیغام پھیلائیں اور عوام کو طالبانائزیشن کے خطرے سے آگاہ کریں۔

## کارکنوں اور حق پرست عوام سابق سینیٹر زاہداختر مرحوم کے والد جناب رکن الدین کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔7 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے سابق سینیٹر زاہداختر مرحوم کے والد جناب رکن الدین کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور دعا کی کہ ہے اللہ تعالیٰ جناب رکن الدین کو صحت کاملہ عطا کرے۔انہوں نے تمام کارکنوں اور حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ جناب رکن الدین کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم کراچی کو ملک دشمنوں کی سازش کا مرکز ہرگز نہیں بننے دیگی،فرخ اعظم
## ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔7،مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا ہے کہ ملک دشمن سرپسند عناصر کو سندھ کا امن پسند نہیں ہے اور امن کی سندھ دھرتی کو خون میں نہلانے کی سازشیں کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھٹائی آباد یونٹ یوسی 13 گلشن اقبال،جہان آباد یونٹ یوسی 3 سائٹ ٹاؤن میں کارکنان کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی نثار پہنور،جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ،یوسف منیر شیخ،محمد علی کلمتی،شکیل سید ظہیر اراکین راشد اکرام اور گل محمد مینگل موجود تھے۔فرخ اعظم نے کہا کہ بعض شرپسند قوتیں ملک کی صنعتی ترقی کے حب کراچی کے امن کے درپہ ہیں اور کراچی کو ٹارگٹ کرکے یہاں کی معاشی اور سیاسی سرگرمیاں متاثر کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور اس کی حق پرست قیادت کراچی کی ترقی وخوشحالی میں کردار ادا کرکے ملک بھر کی ترقی میں دراصل اپنا کردار ادا کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کراچی کو ملک دشمنوں کی سازش کا مرکز ہرگز نہیں بننے دیگی اور اس کا ڈٹ کر مقابلہ کریگی۔فرخ اعظم نے مطالبہ کیا کہ کراچی میں پائیدار قیام امن کیلئے لینڈ مافیا،ڈرگ مافیا اور طالبان نیٹ ورک کیخلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے اور امن تہہ و بالا کرنے والے سازشیوں کو گرفتار کرکے آئین وقانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے۔

## ایم کیوایم بیلجیئم یونٹ کے تحت طالبانائزیشن کے خلاف یورپین پارلیمنٹ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ
## احتجاجی مظاہرے میں بیلجیئم یونٹ کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدرد پاکستانیوں اور ان کے اہل خانہ نے شرکت کی
## طالبان پاکستان توڑنے کی سازش کررہے ہیں،محمد سلیم

برسلز۔۔۔7،مئی 2009ء

ایم کیوایم بیلجیئم یونٹ کے تحت بدھ کے روز پاکستان میں طالبانائزیشن،سوات میں معصوم لڑکی کو کوڑے مارنے اور اسلام کے نام پر قتل وغارتگری اور خودکش بم دھماکوں کے خلاف برسلز میں یورپین پارلیمنٹ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔احتجاجی مظاہرے میں ایم کیوایم بیلجیئم یونٹ کے آرگنائزر محمد سلیم،دیگر ذمہ داران،کارکنان،بیلجیئم میں مقیم کشمیری اور دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے ہمدرد پاکستانیوں اور ان کے اہل خانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔مظاہرین میں خواتین اور بچے بھی بڑی تعداد میں شامل تھے۔مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں پاکستان اور ایم کیوایم کے پرچم اٹھا رکھے تھے،بیشتر مظاہرین نے پلے کارڈ اٹھائے ہوئے تھے جن پر اسلام کے نام پر دہشت گردی،طالبانائزیشن اور طالبان کی

خودساختہ شریعت کے خلاف نعرے درج تھے۔بعض مظاہرین نے سیاہ بینرز بھی اٹھا رکھے تھے جن پر تحریر تھا کہ ’’ایم کیوایم ہر قسم کی انتہاء پسندی اور طالبانائزیشن کے خلاف ہے‘‘۔ اس موقع پر مظاہرین کا جوش وخروش قابل دید تھا اور وہ وقفہ وقفہ سے پاکستان میں مذہبی انتہاء پسندی، طالبانائزیشن اور طالبان کی دہشت گردی کے خلاف فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم کے کارکنان نے ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کے حق میں بھی نعرے لگائے۔مقامی شہریوں نے ایم کیوایم کے احتجاجی مظاہرے میں گہری دلچسپی ظاہر کی اور ایم کیوایم کے ذمہ داران سے پاکستان میں طالبانائزیشن کے حوالہ سے معلومات حاصل کیں اور اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا جبکہ بیلجیئم کی مختلف این جی اوز نے ایم کیوایم کے احتجاجی مظاہرے کو سراہا اور انہیں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔احتجاجی مظاہرین سے ایم کیوایم بیلجیئم یونٹ کے آرگنائزر محمد سلیم، بیلجیئم یونٹ کے سابق ذمہ دار عارف آجاکیہ اور کشمیری کمیونٹی کے نمائندوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد رہنماء ہیں جو پاکستان میں مذہبی انتہاء پسندوں اور ان کی خودساختہ شریعت کے خلاف صدائے حق بلند کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ طالبان کی دہشت گردیوں کا سلسلہ دن بدن بڑھتا جا رہا ہے۔طالبان پاکستان توڑنے کی سازش کر رہے ہیں اور اگر انہیں روکا نہ گیا تو پاکستان کی سلامتی وبقاء کو سنگین خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔انہوں نے یورپین پارلیمنٹ پر زور دیا کہ وہ پاکستان میں طالبانائزیشن کا فوری نوٹس لے۔ایم کیوایم کے احتجاجی مظاہرے کا سلسلہ دو گھنٹے تک جاری رہا۔بعدازاں ایم کیوایم بیلجیئم یونٹ کی جانب سے یورپین پارلیمنٹ میں یادداشت بھی پیش کی گئی۔

☆☆☆☆☆